Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲ رمضان سنہ ۱۳۴۰ھ مطابق یکم مئی سنہ ۱۹۲۲ء	نمبر ۱۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت سپرنٹنڈنٹ صفائی حلقہ غربی	۲۰۱
۲	رخصت حاجی محمد ہادی حسن خانصاحب بہادر	،،
۳	تخفیف یک گھنٹہ اوقات کچہریات	،،
۴	عارضی انتظام عہدہ حاکم صدر	،،
۵	ہدایات نسبت آسانی حاضری بیوگان [illegible]	۲۰۲
۶	اضافہ تحویل تحصیل ملک	،،
۷	اصلاح بر آورد چوبداران	،،
۸	رخصت سب انسپکٹر جنگل	،،
۹	انتظام رخصت سپاہی پولیس	۲۰۳
۱۰	نادہندگان تحصیل ملک	،،
۱۱	رخصت محرر تحصیل ملک	،،
۱۲	نقشہ نرخ غلہ و اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۲۴ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر رخصت ایک ماہ سید علی حسین سپرنٹنڈنٹ صفائی حلقہ غربی مشاہرہ دار تیس روپیہ ماہوار ۳ مئی سنہ حال سے بوجہ علالت بوضع نصف تنخواہ منظور کی گئی۔ انکی جگہ پر پیر محمد حسن پیشکار پرسنل اسسٹنٹ ہوم سکریٹری بہادر سے کام لیا جائیگا۔ اور دس روپیہ ماہوار الاونس سید علی حسین کی

بقیہ تنخواہ سے ظہیر حسن کو دیا جائیگا۔ بقیہ پانچ روپیہ بحق سرکار ضبط ہونگے وقت واپسی صاحب پرسنل اسسٹنٹ ہوم سکریٹری بہادر۔ ظہیر حسن کو پیشکاری کے کام پر واپس کر دیا جائیگا۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۵ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

حاجی حافظ محمد ہادی حسن خان بہادر پرائیوٹ سکریٹری کا زمانہ رخصت ختم ہو گیا ہے۔ لہذا با انتظام موجودہ ۱۹ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء سے پانچ ماہ کی مزید رخصت منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۶ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

چونکہ ماہ رمضان المبارک کا زمانہ آگیا ہے۔ حسب شدآمد قدیم اوقات کچہری مین ایک گھنٹہ کی تخفیف دیا جانا منظور ہے۔ ماہ صیام مین کچہری کا وقت بجائے سات بجے سے ۱۲ بارہ بجے تک کے۔ سات بجے سے گیارہ بجے تک ہوگا

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۸ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

عہدہ حاکم صدر و سپرنٹنڈنٹ آبکاری کے مستقل انتظام مین ابھی توقف ہے۔ اور چونکہ نیلام دیہات کا زمانہ قریب ہے۔ اور تحصیل وصول مالگذاری کا یہ عین وقت ہے۔ لہذا تا انتظام مستقل عارضی انتظام کی ضرورت معلوم ہوتی ہے۔

حکم ہوا کہ

صاحبزادہ مصطفٰے علیخان بہادر نے الحال عارضی طور پر حاکم صدر مقرر ہون۔ یعنی تنخواہ کے متعلق بعد کو حکم ہوگا۔ اور سپرنٹنڈنٹ آبکاری کے خدمات تا صدور حکم ثانی مولوی شفیع احمد ناظم انجام دین۔ احکام ضابطہ جاری ہون

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۷ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

کاغذات ملاحظہ ہوئے جن سے ظاہر ہے کہ ہوقت پانچ بیوائین پٹواری فنڈ سے بطور پنشن باقی ہین جنکا گوشوارہ مرتبہ بندوبست شامل ہے۔ مسماۃ بیما تحصیل بلاسپور سے دو روپیہ ماہانہ۔ مسماۃ بیا سو تحصیل بلاسپور سے ایکروپیہ دو آنہ ماہانہ۔ مسماۃ گلابو تحصیل سوار سے تین روپیہ ماہانہ۔ مسماۃ کنوری تحصیل حضور سے ایکروپیہ دس آنہ ماہوار۔ مسماۃ جینا تحصیل شاہ آباد سے ایکروپیہ ماہانہ۔ اس گوشوارہ مین فاصلہ مستقر از جائے سکونت بھی مندرج ہے جس سے ظاہر ہے کہ بعض بیوا ؤنکو ضرور ماہانہ یا سہ ماہی تحصیل مین تصدیق حیات کرنیکے لئے حاضری مین بوجہ مصارف و بُعد مسافت و ضعیفی افلاس دشواری ہوگی۔ پس آسانی کی غرض سے آیندہ ہدایات ذیل پر عامل رہنے کیلئے اجرائے احکام کی ضرورت ہے۔

(۱) ہر بیوہ کو ایک دفعہ مختار نامہ بکاغذ سادہ جیسا کہ سررشتہ خیر و وقف مین سررشتہ دار صاحب صدر تصدیق کرتے ہین اپنے کسی عزیز یگانہ معتمد کار دیر تحصیلدار تحصیل مین تصدیق کرا دینا چاہئے تاکہ وہ مختار تحصیل متعلق سے ماہانہ تنخواہ اپنی رسید و دستخط سے حاصل کرکے اوسکو پہونچا دیا کرے۔

(۲) جس موضع مین اوس بیوہ کی سکونت ہو وہان کے پٹواری و مدہان یا مکھیا و چوکیدار کے دستخط یا مُہر سے اوس بیوہ کے حیات کی تصدیق ہو کر برائے شمول برآورد تحصیل مین داخل ہوا کرے اور پٹواری اپنے روزنامچہ مین اوسکی یادداشت بھی درج کر لیا کرین۔

(۳) گرداور یا نائب تحصیلدار اوس موضع مین بکار سرکار جب جائین تو وہ بھی اوس بیوہ کی تصدیق حیات کرکے روزنامچہ پٹواری پر یادداشت لکھدیا کرین

(۴) ہر تحصیل مین ایک رجسٹر ایسی بیواؤنکا مرتب رکھا جائے کہ جسمین واپسی تحصیل گرداور یا نائب تحصیلدار و تحصیلدار اوس اپنی جانچ و تصدیق کا نوٹ کر دیا کرین اور اپنے روزنامچہ دورہ مین بھی یادداشت لکھا کرین۔

(۵) اور جس بیوہ کی سکونت علاقہ ریاست مین نہین ہے وہ ہر ششماہی پر قریب تر تحصیل مین

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور مختتمہ [illegible] اپریل [illegible]

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۱۷ ار	۱۶ ار		۵.۰ ار	دیگر تحصیلوں سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص			۲۰ ار	۱۷ ار		۱۷ ار	
نخود کسہ آمیز			۲۰ ار	۱۹ ار		۱۸ ار	
کسیر			۲۰ ار	۱۲ ار		۱۰۸ ار	
ماش			۱۶ ار	۱۶ ار		۱۶ ار	
مونگ			۱۵ ار	۱۵ ار		۱۵ ار	
مکا			۰	۱۰۵ ار		۰	
جئی			۱۰ ار	۱۰ ار		۱۰۹ ار	
گوجئی			۱۲ ار	۱۰ ار		۱۸ ار	
عدس			۱۹ ار	۱۸ ار		۱۸ ار	
ارہر			۲۰ ار	۱۰ ار		۱۹ ار	
برنج			[illegible]	۱۴ ار		۱۴ ار	
روغن زرد			۲ چھٹانک	۱۰ ار		[illegible]	
روغن سیاہ			۱۰۱ ار	[illegible]		[illegible]	
روغن کنجد			۱۱ ار	[illegible]		[illegible]	
نمک سانبھر			[illegible]	۱۰		[illegible]	
نمک لاہوری			۱۶	۱۵		[illegible]	
قند سیاہ			[illegible]	[illegible]		[illegible]	
باجرہ			[illegible]	۱۶			

خود حاضر ہوکر تحصیلدار قریب ترسے حالات دریافت کرکے داخل تحصیل کرے

حکم ہوا کہ

ایک نقل اسکی فائل بک اجلاس میں رہے - ایک نقل بندوبست کو مرسلہو - ایک ایک نقل جملہ تحصیلات کو بھیجی جائے - ایک نقل درج گزٹ ہو

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
اضافہ

۲۰ اپریل ۱۹۲۲ء

حسب سفارش ناظم صاحب و تحصیلدار صاحب ملک میان جانخان محرر مال تحصیل ملک کی تنخواہ مین ایکروپیہ ماہانہ اضافہ کیا گیا -

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۲۲ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

کاغذات بموجودگی صاحب مہتمم بندوبست و صاحبان افسر آڈٹ و بخشی صاحب پیش ہوکر ملاحظہ ہوے - اب تک برآورد تنخواہ پٹواریان بندوبست سے مرتب ہوکر آڈٹ آفس مین جانچ ہونیکے مجرائی کی کارروائی ہوتی تھی - صاحبان افسر آڈٹ کی یہ تحریر بھی کہ جس طرح بخشیگری کو ہر ملازم کے تقرر تنزل غیر حاضری جرمانہ وغیرہ کی اطلاع جایا کرتی ہے اسیطرح پٹواریان کے متعلق بھی اطلاع آڈٹ آفس مین آنا چاہیئے یہ تحریر بالکل درست اور ضروری ہے یہ بات سمجھ مین نہین آتی ہے کہ برآورد پٹواریان کا تعلق آڈٹ سے کب سے اور کیون رکھا گیا - اتفاق سے ناظم صاحب جلال جو پیشتر بھی ریاست مین کام کرتے تھے اونسے معلوم ہوا کہ جنرل صاحب مرحوم کے زمانہ مین جب آڈٹ آفس قائم ہوا تو میر علی حید صاحب مرحوم کے متعلق کیا گیا تھا - جو جو کام اونسے متعلق کیئے گئے اون مین یہ کام بھی تھا اور کوئی خاص سبب اس تعلق کا ظاہر نہین ہوا - جبکہ بخشیگری کیطرح پر تمام اطلاعات آڈٹ کو بھیجی جاتی ہین تو بہتر ہوگا کہ اسکا تعلق مثل تمام ملازمان ریاست کے بخشیگری ہی سے رکھا جائے افسران معروضہ بالا نے بھی اس سے اتفاق کیا - لہذا صاحب مہتمم بندوبست کا فرض ہے کہ ہر قسم کے تنزل تغیر تبدل جرمانہ وغیرہ متعلقہ پٹواریان کی اطلاع برابر بخشیگری کو بھیجی جایا کرے اور ماہ مئی سنہ ۱۹۲۲ء سے جو برآورد پٹواریان متعلق تحصیل بغرض جانچ بخشی صاحب کی خدمت مین بھیجی جایا کرین - ۲۰ تاریخ ہر ماہ پر برآورد بخشیگری مین پہونچ جانا چاہیئے -

حکم ہوا کہ

اس اصلاح کارروائی کی اطلاع ذریعہ نقول بندوبست و تحصیلات کو بھیجی جائے اور چونکہ تعلق آڈٹ و بخشیگری صاحب فائننشل سکریٹری بہادر سے ہے - لہذا نقل بخدمت صاحب موصوف مرسلہو اور ایک نقل روبکار ذریعہ عرضداشت اطلاعی بندگان حضور پُرنور دام اقبالہ و ملکہ مین ارسال ہو ایک نقل درج گزٹ ہو فائل بک مین بھی چسپان کیجائے -

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
رخصت

۲۳ اپریل ۱۹۲۲ء

حسب منشاء حکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم و ملکہم رخصت یک ہفتہ سید شبیر حسین نائب سپرنٹنڈنٹ گنج کی منظور ہوئی -

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۲۵ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

رپورٹ ناظم صاحب معروضہ ۲۴ اپریل ۱۹۲۲ء ملاحظہ ہوئی انتظام حسب رپورٹ بوجہ بیماری نائب حسین سیاہہ نویس و بوجہ بیماری چنی لال واصلباقینویس تحصیل شاہ آباد بصراحت ذیل منظور کیا جاتا ہے -

(۱) چنی لال واصلباقینویس تحصیل شاہ آباد مشاہرہ دو ازدہ روپیہ کو بوجہ بیماری تین ماہ کی رخصت دیا جانا اس صراحت سے منظور ہے کہ چونکہ چنی لال پرانا ملازم ہے اور اسنے کام بھی اچھا کیا ہے لہذا تین ماہ کی رخصت بوجہ بیماری بوضع نصف تنخواہ اور تین یوم کی رخصت بوضع کل تنخواہ دیجاتی ہے بعد ختم رخصت جب تک کہ چنی لال ڈاکٹری سارٹیفکٹ داخل نکرے بلا صدور حکم ثانی کام پر نہ لیا جائے - اسکی رخصت کے سلسلہ مین ٹھولال واصلباقینویس تحصیل بلاسپور مشاہرہ دو ازدہ روپیہ مساوی تنخواہ پر تحصیل شاہ آباد

مین تبدیل کیا جائے بجائے جھولال کے واصلباقینولیس تحصیل بلاسپور پر اندری پرشاد سیاہہ نویس تحصیل حضور مشاہرہ دار تئیس روپیہ باضافہ چار روپیہ ستائیس روپیہ واصلباقینولیس تحصیل بلاسپور پر مقرر کیا جائے۔

(۳) بجائے اندری پرشاد سیاہہ نویس تحصیل حضور کے بندلیشری پرشاد محرر سررشتہ واصلباقینولیس صدر مشاہرہ دار چودہ روپیہ باضافہ یکروپیہ پندرہ روپیہ ماہوار پر تحصیل حضور مین سیاہہ نویس مقرر کیا جائے۔ بجائے بندلیشری پرشاد محرر سررشتہ واصلباقینولیس صدر کے شنکر دیال امیدوار پاس شدہ بشاہرہ چودہ روپیہ محرری سررشتہ واصلباقینولیس صدر پر مقرر کیا جائے۔

(۴) نائب حسین سیاہہ نویس تحصیل شاہ آباد کو بوجہ سے کہ وہ پرانا ملازم ہے بوجہ بیماری یکماہ کی رخصت رعایتی دیجائے اور بعد اختتام رخصت ومہلت جبتک کہ بلحاظ صحت قابلیت انجام کار حکم ثانی صادر نہ ہو اوسکو کام پر نہ لیا جائے۔ بسلسلہ رخصت نائب حسین سیاہہ نویس تحصیل شاہ آباد مشاہرہ دار چودہ روپیہ نظیر حسین محرر سررشتہ واصلباقینولیس صدر مشاہرہ دار چودہ روپیہ باضافہ ایکروپیہ پندرہ روپیہ ماہوار پر سیاہہ نویس تحصیل شاہ آباد مقرر کیا جائے۔ اور بجائے نظیر حسین کے محمود الحسن امیدوار پاس شدہ بشاہرہ چودہ روپیہ محرر سررشتہ واصلباقینولیس صدر پر مقرر کیا جائے سلسلہ حصول چارج یون ہونا چاہیے کہ امیدواران مقررشدہ سررشتہ واصلباقینولیس صدر مین چارج لین اور سررشتہ واصلباقینولیس صدر سے محرران تحصیل شاہ آباد مین چارج لین اور تحصیل حضور سے سیاہہ نویس تحصیل بلاسپور مین چارج لین اسی سلسلہ سے تحصیل بلاسپور کا بھی تبادلہ چارج ہونا چاہیے۔

احکام ضابطہ جاری ہون۔

(دستخط) صاحب ریونیو سکریٹری

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تبادلہ

۲۹ مارچ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

بنظر مصالح انتظامی منشی محمد یوسف علیخان تحصیلدار بلاسپور تا صدور حکم ثانی تحصیل ملک کو اور منشی محمد امتیاز علیخان قائم مقام تحصیلدار ملک سے بلاسپور کو تبدیل کئے گئے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ مارچ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

پندرہ روز کی رخصت علی حسین محرر جوڈیشل ملک کی بذمہ داری محرر رجسٹری ۱۵ اپریل سنہ حال سے منظور ہوئی۔

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا